تبصرے

مشکلات القرآن | از مولانا داؤد اکبر اصلاحی تقطیع خورد ضخامت ۱۰۰ صفحات طباعت وکتابت بہتر قیمت دو روپیہ پتہ:- ابوالخیر صاحب مدرسۃ احیاء العلوم مبارکپور اعظم گڈھ (یوپی)

مولانا حمید الدین الفراہی مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے حقائق ومطالب پر غور وفکر کرنے کی نعمت ودولت خاص سے نوازا تھا۔ چنانچہ انھوں نے اپنی پوری زندگی کتاب الٰہی کے فہم وادراک میں صرف کردی اور اس میں شبہ نہیں کہ مولانا مرحوم نے اپنی عمر بھر کی کوششوں کے جو نتائج متعدد تصنیفات کی شکل میں یادگار چھوڑے ہیں مجموعی اعتبار سے قرآن مجید کے فہم اور اس کے مشکلات کے حل میں بہت مدد ومعاون ثابت ہوتے ہیں مولانا کی تفسیر کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ بڑی حد تک قرآن کو قرآن سے ہی سمجھنا چاہتے ہیں مولانا نے اپنے اس ذوق کو اپنی ذات تک ہی محدود نہیں رکھا بلکہ وہ مخلص خادمین قرآن کی ایک ایسی جماعت بھی چھوڑ گئے جو انھیں کے طریق تاویل وتفسیر کی روشنی میں کتاب حکیم کی خدمات انجام دیتے رہتے ہیں مولانا داؤد اکبر اصلاحی بھی انھیں میں سے ایک ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب موصوف کے بارہ مقالات کا مجموعہ ہے جن میں سے ہر مقالہ قرآن مجید کی کسی ایک آیت کی تفسیر اور اس سے متعلق ضروری مباحث پر مشتمل ہے ان سب مقالات میں مولانا فراہی رحمۃ اللہ علیہ کا انداز فکر نمایاں ہے جو ہمارے نزدیک کہیں کہیں تفسیر بالرائے کی حد میں داخل ہوگیا ہے اور اس اعتبار سے اس پر کلام کی کافی گنجائش ہے مثلاً مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَى الآية میں ان کا پہلا دعویٰ کہ اس آیت کے جتنے شان نزول ہیں وہ قرآن اور عقل دونوں کے خلاف ہیں اور اس سلسلہ میں جو حدیث بیان کی جاتی ہے اس